اکرام اللہ ساجد، کاشف ملک

تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب۔ . . . . جاگو اور جگاؤ
مصنف . . . . . . راز کاشمیری ایم۔ اے
قیمت . . . . . . پانچ روپے
ناشر . . . . . سدا بہار پبلیکیشنز۔ ذوالقرنین مارکیٹ، گنپت روڈ۔ لاہور

خواجہ عبدالمنان راز کاشمیری ایک عرصہ سے بچوں کیلئے نظمیں اور کہانیاں لکھ رہے ہیں جو تقریباً ہر قابلِ ذکر پرچے میں شائع ہوتی ہیں۔ "جاگو اور جگاؤ" بچوں کے لئے ان کی نظموں کا مجموعہ ہے۔ ان کی شاعری مقصدی شاعری ہے۔ اس مجموعہ میں بھی ان کی تمام تر نظمیں اسلامی، اخلاقی اور ملی موضوعات پر ہیں۔ زبان و بیان کے لحاظ سے سلیس، شگفتہ اور دل کش ہیں۔

کتاب میں خوبصورتی اور گٹ اپ کے علاوہ بچوں کی نفسیات کو بھی خصوصی طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے تاکہ بچے اس میں زیادہ سے زیادہ دلچسپی لے سکیں، کتابت جلی اور اعلیٰ، ورنگہ طباعت ہر صفحہ پر تصویر اور ٹائیٹل نہایت خوبصورت دیدہ زیب ہے ——— ساری کی ساری نظموں کے لئے کہا جا سکتا ہے کہ بچوں کے لئے بیحد مفید ہیں ——!

نام کتاب . . . . علی گڑھ کے تین فرزند
مصنف . . . . ڈاکٹر نسیم سوہدروی (مبلیگ)
قیمت . . . . دو روپے
ناشر . . . . مکتبہ شاہکار پوسٹ بکس ۱۷۵۴ - لاہور